ڈاکٹر سید تقی عابدی کی کتاب

'فیض فہمی' کی لندن میں رسم اجرا

عالمی شہرت یافتہ اسکالر ڈاکٹر سید تقی عابدی (کینیڈا) کی شہ کار کتاب ''فیض فہمی'' کی رسم اجرا علمی مجلس لندن کے زیر اہتمام اتوار ۲۶ اگست ۲۰۱۲ء کی شام نہرو سینٹر لندن میں جناب سید شاہد مہدی آئی اے ایس نائب صدر نشین انڈین کونسل آف کلچرل ریلیشنز (آئی سی سی آر) کے ہاتھوں عمل میں آئی۔ جناب سید شاہد مہدی نے کتاب پر تبصرہ کرتے ہوئے فرمایا کہ فیض پر شایع ہونے والی اب تک کی ساری کتابوں میں یہ سب سے جامع کتاب ہے اور اس میں نہ صرف نئے مضامین شامل ہیں بلکہ فیض کے بارے میں مشاہیر کی بیسیوں نادر تحریریں اور فیض کی نادر تصویریں بھی اس میں شامل ہیں۔ اس موقع پر سنگیتا بہادر آئی ایف ایس ڈائرکٹر نہرو سینٹر نے اپنے مسحور کن ترنم میں فیض کا کلام سنایا۔ اس تقریب کی صدارت پدم شری ڈاکٹر صدیق الرحمٰن قدوائی نے فرمائی۔ انھوں نے اپنے صدارتی خطبہ میں فرمایا کہ ڈاکٹر سید تقی عابدی کا ہر کام نہ صرف قابل قدر ہوتا ہے بلکہ قابل رشک بھی ہوتا ہے۔☆☆☆